# 12810-کیا وقف کی مرمت کرنا افضل ہے یا نئی عمارت تعمیر کرنا؟

## سوال

کیا وقف کردہ منہدم شدہ عمارت کی مرمت افضل ہے یا کہ نئی عمارت وقف کرنا ؟
اور منہدم شدہ وقف عمارت کو دوبارہ قائم کرنے کا اجرو ثواب کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ عبدالرحمن بن جبرین حفظہ اللہ تعالی سے دریافت کیا تو ان کا جواب تھا :

ہمارے خیال میں اگر اس کی مرمت پر زیادہ خرچ نہیں تو اس کی مرمت کروانے میں اسے اجر ملے گا، اگرچہ وہ وقف کرنے والوں میں شامل نہ بھی ہو.

جیسا کہ جب اس نے دیکھا کہ مسجد گرنے والی ہے تو اس نے اسے کی مرمت کروادی، اگرچہ اس پر دوسری مسجد یا نصف مسجد بنانے جتنا بھی خرچ ہو جائے، تو اس حال میں وہ ایسا ہے کہ اس نے مسجد بنانے میں حصہ ڈالا ہے، اور اسی طرح کوئی خیراتی مدرسہ اور سکول، یا خیراتی وقف بھی (میری مراد یہ ہے کہ وہ عمارت تعمیر کرنا جو خیراتی تنظیم وغیرہ کے لیے وقف ہے).